# 22-10-2024 TUESDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

......ریاستی حکومت نے دھرنی پورٹل کے آپریشنس اور مینٹنس کے لئے نیشنل انفارمیٹک سنٹر کی خدمات حاصل کرنے کا حکم دیا ہے۔

......ریاستی منصوبہ بندی بورڈ کے وائس چیرمین جی چنا ریڈی نے بتایا کہ ریاستی حکومت عوامی شکایات کے ازالہ کے لئے پرجاوانی پروگرام کو اولین ترجیح دے رہی ہے۔

......مرکزی وزیر برائے مواصلات جیوتر آدتیہ سندھیا نے کہا کہ فور جی کے رول آوٹ کے آغاز کے بعد بی ایس این ایل کے صارفین پچھلے چھ مہینوں میں پچھتر لاکھ سے بڑھ کر 1.8 کروڑ ہو گئے ہیں۔آج بی ایس این ایل کا نیا لوگو بھی جاری کیا گیا ہے۔

......مرکزی وزیر برائے سیاحت وثقافت گجیندر سنگھ شیخاوت نے آج پٹنہ میں ٹراوَل اینڈ ٹورازم فیر۔ٹی ٹی ایف تلنگانہ ٹورازم اور بدھاوانام اسٹال کا افتتاح انجام دیا۔

## DHARANI

ریاستی حکومت نے قومی خدمات کو شامل کرنے کا حکم دیا ہے۔دھرنی پورٹل کے آپریشنس اور مینٹنس ۔او اینڈ ایم۔ کے لئے نیشنل انفارمیٹکس سنٹر این آئی سی ابتدائی طور پر تین سال کے لئے یہ معاہدہ کر رہا ہے۔ یہ پورٹل زرعی اراضی کے لین دین سے متعلق کاروائیوں کو انجام دینے کے لئے ون اسٹاپ منزل کے طور پر کام کرے گا۔حکومت کے پرنسپال سکریٹری نوین متل نے کہا کہ کارکردگی کی بنیاد پر خدمات کو مزید دوسال بڑھایا جائے گا۔پچھلی حکومت نے دھرنی پراجکٹ کے تحت انٹی گریٹیڈ لائنڈ ریکارڈس مینجمنٹ سسٹم (آئی ایل آر ایم ایس) کے ڈیزائن ۔ترقی اور نفاذ کے احکامات جاری کئے تھے۔اس فیصلے کا اعلان آج جاری کئے گئے ایک حکم نامے میں کیا گیا ہے۔آئی این سی کے ساتھ تعاون کرنے کے لئے حکومت کا انتخاب زمینی ریکارڈ کے انتظام میں ایجنسی کی وسیع مہارات سے متعلق ہے۔

## PRAJAVANI

ریاستی منصوبہ بندی بورڈ کے وائس چیرمین جی چنا ریڈی نے کہا کہ حکومت پرجاوانی کو اولین ترجیح دے رہی ہے۔ جو کہ ایک اہم پروگرام ہے۔انہوں نے کہا کہ پرجاوانی پروگرام کے ذریعہ طویل عرصے سے زیرالتواء مسائل کو حل کیا جارہا ہے۔جس میں قبائیلی بہبود کے محکمے میں یومیہ اجرات کے کارکنوں کی دس ماہ سے زیرالتواء تنخواہوں کا مسئلہ بھی شامل ہے۔ایم ای پی ایم اے۔ ریسورس پرنس۔آر ڈبلیو ایس ایس ڈپارٹمنٹ کے عملے اور کمرشل ٹیکس ڈپارٹمنٹ کے آوٹ سروسینگ اسٹاف وغیرہ کی زیرالتواء تنخواہوں پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔اس موقع پر انہوں نے مہاتما جیوتی باپھولے پرجا بھون کا دورہ کرنے والے مختلف سیول سرویسز اور مسلح افواج کے عہدیداروں سے بھی خطاب کیا۔

## BSNL NEWS LOGO

مرکزی وزیر مواصلات جیوتر آدتیہ سندھیا نے کہا کہ فور جی رول آوٹ کے آغاز کے بعد سے بی ایس این ایل کے صارفین پچھلے چھ مہینوں

میں پچھتر لاکھ سے بڑھ کر ایک اعشاریہ آٹھ کروڑ ہو گئے ہیں۔ آج نئی دہلی میں نئے لوگو اور بی ایس این ایل کی سات نئے خدمات کا آغاز کرتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ ہندوستان دنیا کے ان چھ ممالک میں شامل ہے جو اپنا فور جی ٹیلی کام نیٹ ورٹ مضبوط کر رہا ہے۔ اور فائیو جی کی طرف آگے بڑھ رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بی ایس این ایل کا نیا لوگو جو آج جاری کیا گیا ہے وہ طاقت۔ اعتماد اور رسائی کی علامت ہے۔ اس موقع پر وزیر موصوف نے جو سات خدمات کا آغاز کیا ہے جس میں اسپام فری نیٹ ورک۔ نیشنل وائی فائی رومنگ۔ انٹرینٹ فائبر ٹی وی۔ اینی ٹائم کیاواکس۔ ڈائریکٹ ٹو ڈیوائس سرویس۔ پبلک پروٹکشن۔ اور ڈیزاسسٹر ریلیف کے علاوہ پہلا پرائیوٹ فائی جی نیٹ ورک شامل ہے۔

RBI

ریزروبینک آف انڈیا کے گورنر شکتی کانتا داس نے کہا کہ ہندوستان کی ہمہ جہت ترقی کا سلسلہ جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ بنیادی ڈرائیورس کھپت اور سرمایہ کاری کی طلب میں اضافہ دیکھا جا رہا ہے۔ آر بی آئی کی جانب سے جاری کردہ ماہانہ بلٹین میں شکتی کانتا داس نے بتایا کہ مالی سال دو ہزار چوبیس۔ پچیس۔ کے لئے ہندوستان میں حقیقی جی ڈی پی کی شرح نمو سات اعشاریہ دو فیصد رہنے کا امکان ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بہتر زرعی نقطہ نظر اور دیہی مانگ کی وجہ سے نجی کھپت کے امکانات روشن نظر آتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عوامی سہولیات اور شہری مانگ کے تحت پائیدار ترقی کی حمایت کی جائے گی۔

RRR

ریجنل رنگ روڈ کے لئے ان کی اراضی پر زبردستی حصول کے خلاف آج حیدرآباد میں وزیر روڈ اینڈ بلڈنگس کومٹی ریڈی وینکٹ ریڈی کی رہائش گاہ کے روبرو بھونگیر ضلع کے رائے گیری منڈل کے کسانوں نے احتجاج منظّم کیا۔ کسان صبح چار بجے سے ہی وزیر کے گیٹ کے باہر بڑی تعداد میں جمع ہو گئے اور اس فیصلے کے خلاف عدم اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے دھرنا دیا۔ اور نعرے بازی کی۔ جیسے ہی وزیر موصوف گھر سے باہر نکلے کسانوں نے انہیں گھیر لیا۔ اس موقع پر پولیس نے مداخلت کرتے ہوئے کسانوں کو یہاں سے ہٹانے کی کوشش کی۔ لیکن کسان اپنے احتجاج پر بضد تھے۔ کسانوں نے وزیر کو میمورنڈم بھی سونپا جس میں علاقائی رنگ روڈ پراجکٹ کی صف بندی کو تبدیل کرنے کے لئے پہلے کئے گے وعدے پر عمل کرنے کا مطالبہ کیا۔ کسانوں نے مایوسی ظاہر کرتے ہوئے کہا کہ وزیر موصوف نے یہ کہہ کر انہیں مایوس کیا کہ یہ معاملہ چیف منسٹر کے ہاتھ میں ہے۔ کسانوں نے ریونیو آفسران پر بھی الزام لگایا کہ ان کی زمینی زبردستی چھینی جا رہی ہیں۔ کسانوں نے وزیر کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی سے ان کی مدد کرنے کا مطالبہ کیا۔

CM

وزیر اعلی تلنگانہ ریونت ریڈی آج شام کانگریس لیڈر پرینکا گاندھی کے پرچہ نامزدگی پروگرام میں حصہ لینے کے لئے کیرالہ روانہ ہوں گے۔ کل پرینکا گاندھی وائناڈ لوک سبھا ضمنی انتخاب کے لئے اپنا پرچہ نامزدگی داخل کرنے والی ہیں۔

ACB-DA

اینٹی کرپشن بیورو۔اے سی بی نے رنگاریڈی ضلع ایڈیشنل کلکٹر لائنڈ ریونیو۔وینکٹا بھوپال ریڈی کے خلاف 5.05 کروڑ روپئے اثاثے جات رکھنے کے الزامات کے بعد غیر محسوب آمدنی سے غیر متناسب اثاثہ جات ڈی اے کا مقدمہ درج کیا ہے۔اے سی بی کی الگ الگ ٹیموں نے ریڈی اوران کے قریبی رشتہ داروں کے گھروں اور دیگر مقامات پر چھاپہ ماری اور منقولہ اور غیر منقولہ جائیدادوں کی تفصیلات حاصل کیں۔اے سی بی کے مطابق ذکر کردہ جائیدادوں کی قیمت دستاویزی قیمت کے مطابق مارکٹ کی اصل قیمت سے کہیں زیادہ ہے۔

SURYAPET

سوریہ پیٹ ٹاون میں آج پی سی اسوسی ایشن کی جانب سے ریالی کا انعقاد کیا گیا۔جس میں چالیس ہزار کروڑ روپئے کے زیرالتواء فیس کی واپسی اور اسکالرشپس کی اجرائی کا مطالبہ کیا گیا۔اس ریالی میں طلبا۔اساتذہ۔اور مختلف تعلیمی اداروں کے نمائندوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔مظاہرین نے سڑک پر مارچ کیا۔اورنعرے لگائے۔مظاہرین بیانرس اور پلے کارڈس تھامے ہوئے تھے۔جس میں فنڈس کی اجرائی میں تاخیر کی وجہ سے طلبا کو پیش آرہی دشواریوں اور مالی چیالنجس کی طرف توجہ مبذول کرائی گئی۔احتجاجیوں نے اس بات پر زور دیا کہ زیرالتواء معاوضے اوروظائف طلبا کی تعلیم جاری رکھنے کے لئے بے حد ضروری ہیں۔حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ زیرالتواء رقومات فوری جاری کئے جائیں۔اور طلبا کو امداد کو یقینی بنایا جائے۔

TOURISM

تلنگانہ ٹورازم اینڈ بدھاونام اسٹال کا مرکزی وزیر سیاحت وثقافت گجیندر سنگھ شیخاوت نے پٹنہ میں آج ٹراوَل اینڈ ٹورازم فیئر۔ٹی ٹی ایف۔افتتاح انجام دیا۔بعدازاں وزیر موصوف نے تلنگانہ اسٹال کا دورہ کیا جہاں بدھاونام کی نمائش کی جارہی ہے۔جو کہ پی جی ٹی ڈی سی۔کی جانب سے ناگر جنا ساگر میں تیار کیا گیا ہے۔اس کے علاوہ بدھسٹ ہیریٹیج تھیم پارک۔رامپا مندر۔ملگو ضلع کے پالم پیٹ اور قلعہ گولکنڈہ کو بھی پیش کیا گیا ہے۔اس موقع پرخطاب کرتے ہوئے مرکزی وزیر شیخاوت نے تلنگانہ میں شاندار یادگاروں اور خوبصورت سیاحتی وثقافتی مقامات کی تعریف کی۔انہوں نے کہا کہ وہ رامپا مندر اورنوابراہمیشورا اور جوگولامبا گدوال ضلع کے جوگولامبا مندروں کا دورہ کریں گے۔وزیر موصوف نے ٹورازم ڈیولپمنٹ کارپوریشن کے چیرمین پٹیل رمیش ریڈی سے ملاقات کی اور مختلف ترقیاتی کاموں سے متعلق تبادلہ خیال کیا۔رمیش ریڈی نے وزیر کو ریاست تلنگانہ کی سیاحتی وثقافتی مقامات کی تفصیلات پیش کیں۔

JAGTIAL

کانگریس کے رکن کونسل ٹی جیون ریڈی کے قریبی ساتھی اور سابق ایم پی ٹی سی مارو گنگاریڈی کا ضلع جگتیال کے جبیتھا پور میں بے دردی کے ساتھ قتل کردیا گیا۔مبینہ طور پر یہ واقعہ اتوار کی صبح پیش آیا۔جب سنتوش نامی شخص نے گنگاریڈی کو پہلے کار سے ٹکر ماردی اور پھر چاقو سے وار کرکے ان کا قتل کردیا۔مقامی لوگوں نے فوری گنگاریڈی کو دواخانہ منتقل کیا لیکن وہ زخموں سے جانبر نہ ہوسکے۔کانگریس رکن کونسل جیون ریڈی نے اس گھناونے واقعے کے خلاف اپنے حامیوں کے ساتھ جگتیال کے پرانے بس اسٹانڈ پر احتجاج کیا۔انہوں نے کانگریس قائدین کو تحفظ نہ ملنے پر برہمی ظاہر کی اور محکمہ پولیس کی کارکردگی پر سوال اٹھائے۔

WEATHER

آئندہ چوبیس گھنٹوں کے دوران تلنگانہ کے مختلف مقامات پر گرج وچمک کے ساتھ بارش اور تیز ہوائیں چلنے کا امکان ظاہر کیا گیا ہے۔جن اضلاع کے متاثر ہونے کا امکان ہے ان میں بھدرار دری کتہ گوڑم۔کھمم۔نلگنڈہ۔سوریہ پیٹ۔محبوب آباد۔ورنگل۔ہنمکنڈہ۔جنگاوں۔سدی پیٹ۔یادادری بھونگیر۔رنگاریڈی۔حیدرآباد۔میڑچل ملکاجگیری۔وقارآباد۔سنگاریڈی۔میدک۔کاماریڈی۔محبوب نگر۔ناگرکرنول۔وانپرتی۔نارائن پیٹ۔اور جوگولامبا گدوال شامل ہے۔محکمہ موسمیات نے کہا کہ آئندہ اڑتالیس گھنٹوں کے دوراان ریاست کے کچھ علاقوں میں ہلکی سے درمیانی یا گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔

BJP

ریاستی بی جے پی ریاست میں پچاس لاکھ ارکان کے اندراج کے ہدف کو حاصل کرنے میں ناکام رہی ہے۔پارٹی کی مرکزی قیادت نے رکنیت سازی مہم کو تیس اکٹوبر تک بڑھا دیا ہے۔آج حیدرآباد میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے سابق ایم ایل سی اور رکنیت مہم کے ریاستی انچارج این رام چندرراو نے کہا کہ تلنگانہ میں اب تک کل چوبیس لاکھ بی جے پی ممبران رجسٹرڈ ہوئے ہیں۔انہوں نے کہا کہ بیس لاکھ ممبرشپ آن لائن کے ذریعہ رجسٹر کی گئی ہیں۔انہوں نے کہا کہ تقریباً پینتالیس ہزار یومیہ کی شرح سے ممبرشپ کی جارہی ہے۔